پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ : www.rbi.org.in
ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون : 91 22 2266 0502 فیکس : 91 22 22660358

23 اکتوبر 2019

بھاگیودے فرینڈس اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، ورود، ضلع امراوتی، مہاراشٹر
بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات ۔ مدت میں توسیع

ریزروبینک آف انڈیا نے عوامی مفاد میں بھاگیودے فرینڈس اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، ورود، ضلع امراوتی، مہاراشٹر کو بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے ذیلی سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے مورخہ 17 جنوری 2019 کو کام کے اوقات کے اختتام سے ہدایات جاری کی تھیں۔ اب ریزروبینک نے ان ہدایات کی مدت میں نظر ثانی کی شرط کے ساتھ مزید چھ ماہ کی توسیع یعنی 18 اکتوبر 2019 سے 17 اپریل 2020 تک کردی ہے۔ ان ہدایات میں کچھ پابندیاں اور/ یا نقدی نکاسی میں حد مقرر کی ہے اور ڈپازٹس کے حصول پر روک لگائی ہے۔ اس ڈائریکٹیو کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے بینک احاطہ میں چسپاں کی گئی ہے۔ ریزروبینک حالات کے مدنظر ان ہدایات میں ترمیمات پر غور کرسکتا ہے۔ ان ہدایات کو جاری کرنے کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ آربی آئی نے اس بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کردیا ہے۔ بینک جب تک اس کی مالی حالت میں سُدھار نہ ہوجائے اپنا بینکنگ کاروبار کچھ پابندیوں کے ساتھ جاری رکھے گا۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 1011/2019-2020